




یونٹ-4

# 16- آؤ گاؤں چلیں

وحیداپنے رشتہ دار کی شادی میں شرکت کے لئے اپنے ماں باپ کے ساتھ ممبئی روانہ ہوا۔وہ سب مل کر گھر سے  کے ذریعہ ریلوے اسٹیشن پہنچے۔پلیٹ فارم پر ممبئی جانے والی  آ پہنچی۔ وحید اور انکے والدین ممبئی جانے والی  میں سوار ہوگئے۔ریل میں رات بھر سفر کرکے صبح ممبئی پہنچے۔ ریلوے اسٹیشن کے قریب موجود رشتہ داروں کے گھر  کے ذریعہ پہنچے۔ اگلی صبح شادی کے لئے امریکہ سے آرہے اپنے ماموں سے ملنے کے لئے وہ  کے ذریعہ ہوائی اڈہ پہنچے۔

اُنہوں نے وہاں  دیکھا۔  سے اُترتے ہی وہ سب مل کر اپنے ماموں کے ساتھ  کے ذریعہ اپنے گھر پہنچے۔شام میں وہ  کے ذریعہ سمندر کے درمیان موجود ایلیفینٹا Elephanta غار دیکھنے گئے۔دوسرے دن شادی بہت دھوم دھام سے ہوگئی۔شادی کا تمام ساز وسامان  کے ذریعہ لیکر وہ اپنے گاؤں پہنچے۔


سفر سے کیا مراد ہے ؟

وحید نے کن کن سواریوں میں سفر کیا؟

وحید نے کون کونسی سواریاں دیکھیں ؟

مندرجہ بالا سواریوں میں آپ نے کون کونسی سواریاں دیکھی ہیں؟

کن سواریوں میں آپ نے سفر کیا ہے ؟



© SCERT not to be republished

وحید نے کون کونسی سواریاں دیکھیں۔اور کن سواریوں میں سفر کیا آپ جان چکے ہونا! ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچنے کے لئے سواریاں استعمال کی جاتی ہیں۔ان کے ذریعہ ہم اپنے مطلوبہ مقام تک پہنچ سکتے ہیں۔

اب تک ہم مختلف قسم کی سواریوں سے متعلق جان چکے ہیں!

ان میں سے چند پانی پر، چند ہوا میں اور چند زمین پر چلتے ہیں۔

درج ذیل تصاویر دیکھئے۔بتائیے کہ وہ کہاں چلتے ہیں ؟



زمین پر، پانی پر اور ہوا میں چلنے والی سواریاں کونسی ہیں؟ کیا آپ جانتے ہیں ؟

اُن کے نام جدول میں لکھئے :


| زمین پر چلنے والے | پانی پر چلنے والے | ہوا میں اُڑنے والے |
| --- | --- | --- |
| | | |


کیا آپ کے گاؤں میں بھی اس طرح کی تین قسم کی سواریاں موجود ہیں؟ کون کون سے ہیں، لکھئے








درج ذیل تصاویر دیکھئے ۔ آپ کے گاؤں میں موجود سواریوں کو رنگ بھریئے :


















© NCERT not to be republished

آپ کے گاؤں میں کونسی سواریاں استعمال کی جاتی ہیں جان چکے ہو!

ان کے علاوہ آپ کے گاؤں میں اور کونسی سواریاں سفر کے لئے استعمال کی جاتی ہیں بتایئے ؟






اگر آپ کو قریبی علاقہ کے لئے سفر کرنا ہو تو کس سواری کا استعمال کروگے؟ اسی طرح دور اور بہت دور سفر کرنے کے لئے کونسی سواریاں استعمال کروگے ؟ بتایئے: درج ذیل جدول میں لکھئے :

| قریب سفر کرنے کیلئے سواری | دور سفر کرنے کے لئے سواری | بہت دور سفر کرنے کیلئے سواری |
|---|---|---|
| | | |

فاصلے اور ضرورت کے لحاظ سے مختلف سواریوں کا استعمال کرتے ہیں۔قریبی علاقوں کو پیدل جاتے ہیں یا سیکل، آٹو، ناؤ، یکہ کے ذریعہ جاتے ہیں۔زیادہ فاصلہ رکھنے والے مقامات کے لئے بس، ریل، کار، موٹر سیکل یا جیپ جیسی سواریوں کا استعمال کرتے ہیں اور بہت زیادہ فاصلے والے مقامات اور بیرونی ممالک کے لئے ہوائی جہاز یا پانی کا جہاز استعمال کرتے ہیں۔



خانہ پور گاؤں جنگل سے قریب ہے۔اُس گاؤں کے لوگ گونڈ،شہد اور ریٹھے وغیرہ کے لئے اکثر جنگل جاتے رہتے ہیں۔لیکن جنگل جانے کے لئے سڑک موجود نہیں۔وہ لوگ جنگل کس طرح جاتے ہیں؟ غور کیجئے !!!

سوریا پیٹ گاؤں کے لئے بس کی سہولت بھی ہے۔سوریا پیٹ سے آگے کے گاؤں کے لئے سڑک کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے بس کا انتظام نہیں ہے۔پھر اس گاؤں کو کس طرح جاتے ہیں ؟

کنٹالہ گاؤں میں شیبور آبشار ہے۔خانہ پور گاؤں کے لوگ آبشار دیکھنا چاہتے ہیں جس کے لئے وہ ایک بس کرایہ پر حاصل کئے۔خانہ پور کے لوگ بس کے ذریعہ کنٹالہ آبشار دیکھ کر واپس لوٹے۔

اس طرح کن کن مواقعوں پر بس کرایہ پر حاصل کی جاتی ہے؟
اگر اُس گاؤں میں بس نہ ہو تو وہ لوگ کیسے جائیں گے؟

خانہ پور جیسے کئی ایک گاؤں موجود ہیں۔اس طرح کے گاؤں میں کس قسم کے آمدورفت کے ذرائع موجود ہوتے ہیں؟ اس طرح چند دیہاتوں میں بالکل بھی بس کا انتظام نہیں ہوتا تو پھر اس گاؤں کے لوگ کس طرح سفر کرتے ہیں۔

درج ذیل سواریوں کے نام پڑھئے ان میں سے کون کونسی سواریاں کن علاقوں میں استعمال کرتے ہیں۔لکھئے ؟


| سیکل | بیل گاڑی | آٹو | اسکوٹر | ٹریکٹر | رِکسنا |
|---|---|---|---|---|---|
| جیپ | بس | ویان | لاری | کار | ناؤ |





© SCERT not to be republished

| جنگلاتی علاقے میں گھومنے کے لئے استعمال ہونے والے | سڑک کی سہولت نہ ہونے والے علاقہ میں گھومنے کیلئے استعمال ہونے والے | بس کی سہولت نہ ہونیوالے گاؤں سے دیگر مقامات جانے کیلئے استعمال ہونے والے | میلہ،عرس،شادیوں وغیرہ کو جانے کے لئے استعمال ہونے والے |
|---|---|---|---|
| | | | |



گاؤں والوں کو سفر کرنے کے لئے مختلف قسم کے سواریوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہت سے گاؤں کو سڑک کی سہولت ہے جس کی وجہ سے بسیں آتی جاتی ہیں۔ سڑک کی سہولت نہ ہونے والے گاؤں سے دوسرے گاؤں کو جانے کے لئے بیل گاڑی، سیکل، موٹرسیکل، آٹو، جیپ وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔






© SCERT to be republished


بیل گاڑی ہانکنے کے لئے بیل کا استعمال کرتے ہیں۔بعض گاڑیوں کو ہانکنے کیلئے گھوڑوں کا استعمال کرتے ہیں۔ ہاتھی ، گدھے،اونٹ بھی سفر کے لئے اسمعال کئے جاتے ہیں۔ذیل کی تصاویر دیکھئے : کیا آپ نے کبھی انہیں دکھا ہے ؟











**آج کل بیل گاڑی اور گھوڑا گاڑی کا استعمال کم ہوگیا ہے نا! کیوں ! غور کیجئے !!!**

بعض گاؤں کو شادی،عرس،میلہ میں جانے کے لئے بس،ویان،لاری،ٹریکٹروں میں جاتے ہیں اور چند گاؤں میں آج بھی ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں تک بیل گاڑی پر ہی سفر کیا جاتا ہے۔

تو پھر آپ کے گاؤں میں عرس،میلہ،شادی جیسے مواقعوں پر شرکت کے لئے کس کے ذریعہ جاتے ہیں۔



بعض گاؤں والے اُن ہی کے گاؤں میں کام نہ ملنے سے دوسرے گاؤں جاکر کام کرتے ہیں۔ اس طرح کے لوگ ضروری کام کی اشیاء ساتھ رکھتے ہیں۔جس کو وہ بیل گاڑی،ٹریکٹر،ویان پر لے جاتے ہیں۔بعض علاقوں میں کشتیوں پر بھی سفر کیا جاتا ہے۔





یہ درسی کتاب حکومت آندھراپردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے

## کیااس طرح سفر کر سکتے ہیں ؟

ذیل کے تصاویر دیکھئے کس کے ذریعہ سفر کر رہے ہیں؟ اس طرح سفر کرنے سے کیا ہوسکتا ہے؟ غور کیجئے :















اوپر دی گئی تصویروں کو دیکھ کر آپ نے کیا محسوس کیا؟ اس طرح سفر کرنا پر خطر ہوتا ہے اوپر بتلائے گئے طریقہ پر ہمیں سفر نہیں کرنا چاہئے۔



آج کل ہم جوسواریاں دیکھ رہے ہیں کیا وہ ماضی میں بھی تھے؟

آج کل آٹو، اسکوٹر، سیکل، بس، ریل، ہوائی جہاز، کشتیاں وغیرہ کو سفر کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ کیا یہ ماضی (پچھلے زمانہ) میں بھی تھے؟ ان کے بغیر کس طرح سفر کرتے تھے ہوں گے ؟ آپ اپنے بڑے بزرگوں سے دریافت کیجئے کہ وہ اپنے بچپن میں کس طرح سفر کیا کرتے تھے!





## کیا آپ ایسا کر سکتے ہیں ؟

چند خالی کاڑی کی ڈبیاں لیجئے۔ تمام ڈبیوں کو ایک دھاگے یا تار کی مدد سے ایکدوسرے کو جوڑ یئے۔ ہر ڈبی کو انجکشن کے شیشی کا ربر کاگ استعمال کر کے پہیہ کے طور پر لگا یئے۔ اگلی ڈبی کو دھاگے کی مدد سے کھینچتے چلئے۔ اس طرح تیار کی گئی ریل گاڑی کاڑی کی ڈبیوں کے علاوہ اور کن چیزوں سے تیار کی جاسکتی ہے؟

© SCERT not to be republished


## کلیدی الفاظ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | سفر | 2. | سفر کے ذرائع | 3. | سواریاں |
| 4. | ہوا میں اُڑنے والے | 5. | پانی پر چلنے والے | 6. | زمین پر چلنے والے |
| 7. | سفر کے لئے جانور | 8. | سفر میں حادثات | 9. | ماضی کے سفر کے ذرائع |

## ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچنے کے لئے سواریاں استعمال کرتے ہیں۔
- سفر کے لئے بس، آٹو، ریل، ہوائی جہاز، کشتی جیسے ذرائع استعمال ہوتے ہیں۔
- بیل گاڑی، گھوڑا گاڑی، بھی سفر کے لئے استعمال ہوتے ہیں اسی طرح اونٹ، گدھے اور ہاتھیوں کو بھی کہیں کہیں سفر کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم انکا استعمال کم ہوگیا ہے۔
- دور کے فاصلہ کیلئے ضرورت کے اعتبار سے مختلف قسم کی سواریاں استعمال کرتے ہیں۔
- کھچا کھچ بھری سواریوں میں، پر ہجوم آٹو میں سفر کرنا خطرناک ہوتا ہے۔
- اسی طرح خانگی سواریوں جیسے جیپ، ٹریکٹر، لاری وغیرہ میں سفر نہیں کرنا چاہئے۔





**یہ کیجئے**

## تصوارت کی تفہیم:

↔ . سفر سے کیا مراد ہے؟ آپ نے کن کن سواریوں میں سفر کیا؟

↔ . ذیل میں دی گئی سواریوں کے نام پڑھئے انہیں جدول میں لکھئے ؟

↔ . لاری ،بس،آٹو،ریل، ٹرالی آٹو،ہوائی جہاز،کشتی،گدھا،گھوڑا،بیل گاڑی،ہیلی کاپٹر،جیپ،گھوڑا گاڑی،سیکل، رکشا، اونٹ،ہاتھی،اورٹریکٹر۔

| زمین پر چلنے والے | پانی پر چلنے والے | ہوامیں اُڑنے والے |
|---|---|---|
| | | |

↔ . سیکل اورموٹرسیکل کے درمیان مشابہت اورفرق بتایئے ؟

↔ . کن جانوروں کوسفر کے لئے استعمال کرتے ہیں ؟


↔ . تصاویر دیکھئے :





تصویر میں بتائے گئے طریقہ پر سفر کرنا خطرناک ہوسکتا ہے،کیوں کہ------------------------------

------------------------------------------------------------



© SCERT Not to be republished

**تصویراُتاریئے ۔ رنگ بھریئے :**

1. آپ کی پسند کی کوئی دوسواریوں کی تصاویراُتاریئے، نام لکھئے ؟

## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام :


1. اتوار کے دن آپ کی گلی میں ایک گھنٹہ کے دوران چلنے والی سواریاں دیکھئے۔

**جدول میں لکھئے :**

| چلی ہوئی گاڑی کا نام | ان کی تعداد |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

☆ کونسی سواریاں زیادہ چلیں؟ کونسی سواریاں کم چلیں؟

2. چکنی مٹی، ڈھنٹل، مقوے سے بس/ بنڈی تیار کیجئے۔اوران کی نمائش کیجئے ؟



**توصیف :**

1. سفر کے لئے سواریاں ہی نہیں جانور بھی استعمال ہوتے ہیں نا! اُن کے تیئں ہم کیسے رہیں؟




2. آپ کی جماعت کس نے بس/ بنڈی کی تصویراچھی بنائی اوروہ آپ کو کیوں پسند آئی ؟

**سوال کیجئے :**

1. ماضی میں سفرکیلئے کون کونسی سواریاں استعمال کی جاتی تھیں۔وحیدنے نانا کے پاس گیا وحیدنانا سے کون کونسے سوالات پوچھے ہوں گے؟





### کیا میں یہ کرسکتا/ کرسکتی ہوں؟

| | | |
|---|---|---|
| ↔ | میں ہمارے علاقوں میں کون کونسی سواریاں چلائی جاتی ہیں بتا سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ↔ | سفر کے ذرائع سے متعلق وضاحت کرسکتا ہوں۔انہیں فہرست میں لکھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ↔ | سواریوں کی تصاویراُتار سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ↔ | کن کن موقعوں پر کون کونسی سواریاں استعمال کرتے ہیں بتا سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ↔ | سفر کیلئے کن جانوروں کا استعمال کرتے ہیں وضاحت کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ↔ | سفر کے ذرائع سے متعلق سوالات پوچھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |



© SCERT not to be republished



یہ درسی کتاب حکومت آندھراپردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے